**اصول الشاشی کے سوالات۔۔۔۔از قلم آصف رضا عطاری**

**خاص وعام**

(1)۔اصول فقہ کی تعریف، موضوع، غرض وغایت ؟ نیز ادّلہ اربعہ کے نام ؟

(2)۔خاص کی تعریف، حکم مع امثلہ ؟ نیز ثلاثۃ قروء میں احناف وشوافع کا اختلاف اوراس پر متفرع ہونے والے مسائل ؟

(3)۔قد علمنا ما فرضنا۔۔میں اختلاف اوراس پر متفرع ہونے والے مسائل ؟

(4)۔أیما أمراۃ نکحت نفسہا کس کی دلیل ہے بمع اختلاف مکمل وضاحت ؟ نیز اس پر متفرع ہونے والے مسائل ؟

(5)۔عام کی تعریف،اقسام،اوراقسام کی تعریفات ؟ نیز عام غیر مخصوص منہ البعض کا حکم اور مثالیں ؟

(6)۔ ولا تاکلو مما لم یذکر اسم اللہ، میں کتاب اللہ وحدیث میں تعارض کیسے ہے ؟اس میں اختلاف آئمہ بیان کریں ؟

(7)۔ مخصوص منہ البعض کا حکم، نیز اس میں کس چیز کے ساتھ تخصیص ہوسکتی ہے مکمل تفصیل کے ساتھ لکھیں ؟

(8)۔خبر واحد یا قیاس سے عام کی تخصیص کیوں جائز ہے ؟ مخصوص معلوم ومجہول کی تفصیل کے ساتھ جواب لکھیں ؟چوری کی تعریف ؟

**مطلق ومقید**

(1)۔ مطلق مقید کی تعریفات مع امثلہ وحکم نیز حکم کی مثال فاغسلو وجوھکم کی مکمل وضات ؟

(2)۔الزانیۃ والزانی،اور ولیطوفوا بالبیت العتیق والے مسئلے کی مکمل وضاحت کریں اگر کہی تطبیق دی گئی ہو یا اختلاف آئمہ ہو سب کو واضح لکھیں ؟

(3)۔وارکعو مع الراکعین میں کتاب اللہ وحدیث پاک پر بیک وقت کسطرح عمل کیا گیا ہے ؟

(4)۔ مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہے، مطلق کے حکم کی روشنی میں زعفران سے وضو جائز ہے یا نہیں مکمل وضاحت مع اختلاف آئمہ ؟

(5)۔والنجس لا یفید الطھارۃ، وبھذا الاشارۃ علم۔الخ اس عبارت کی وضاحت اس انداز میں کریں کہ نفس مسئلہ واضح ہو جائے ؟

(6)۔ قال ابو حنیفہ اذا جامع امراتہ۔۔الخ والے مسئلے کی مکمل وضاحت، کفارہ ظہار کی ادائیگی کے دوران بیوی سے جماع کر سکتے ہیں یا نہیں ؟

(7)۔فان قیل ان الکتاب فی مسح الرأس سے احناف کے اصول (مطلق کو مقید کرنا جائز نہیں ) پر دو اعتراضات ہوئے ہیں ان کو مع جوابات اس انداز میں تحریر کریں کہ مطلق اور مجمل میں فرق واضح ہو جائے ؟

**مشترک مؤول**

(1)۔ مشترک کی تعریف، حکم،امثلہ ؟

(2)۔عند الاحناف عموم مشترک جائز نہیں،اس پر دو امثلہ بیان کی ہے ایک امام محمد کی ''اذا أوصی لموالی''اور دوسری امام اعظم کی ''أنت علیّ مثل أمی''،اس اصول احناف کی روشنی میں دونوں امثلہ کی بالتفصیل وضاحت ؟

(3)۔عموم مشترک ناجائز ہے اس کی روشنی میں ''فجزاء مثل ما النعم''والی مثال کی اس انداز میں وضاحت کریں کہ مثل صوری ومعنوی واضح ؟

(4)۔ مؤول کی تعریف، حکم اور احکام شرع میں بیان کردہ مطلق ثمن والی مثال، نیز مؤول کی تین مثالیں وحمل الأقراء.. وحمل انکاح.. وحمل الکنایات والی تینوں امثلہ کو تحریر کریں؟

(5)۔ الدین المانع من الزکاۃ والی عبارت کی مکمل وضاحت نیز فرع محمد اذا تزوج امرأۃ والے مسئلے کی بالتفصیل وضاحت؟

(6)۔ مفسر و مؤول کے مابین فرق تحریر کریں، مفسر کا حکم بیان کریں؟

## حقیقت مجاز

(1)۔ حقیقت و مجاز کی تعریف؟ نیز جمع بین الحقیقۃ والمجاز کا حکم نیز لا تبیعوا الدرھم والی مثال سے اس قاعدے کو واضح کر کے تحریر کریں؟

(2)۔ لما أرید الوقاع من آیۃ الملامسۃ میں کیا بیان ہوا؟ قال محمد اذا أوصی لموالیہ ولہ موال والی مثال میں جمع بین الحقیقۃ والمجاز کی وضاحت کریں؟

(3)۔ اذا أوصی للأبکار بنی فلان سے جمع بین الحقیقۃ والمجاز کے عدم جواز پر مصنف نے تین مسائل بیان کئے ہیں ان مسائل کو تحریر کریں؟

(4)۔ ولئن قال اذا حلف لا یضع قدمہ سے جمع بین الحقیقۃ والمجاز کے ناجائز ہونے کے اصول پر تین اعتراضات ہوئے ہیں ان اعتراضات کو مع جوابات تحریر کریں؟

(5)۔ حقیقت کی اقسام کی تعریفات؟ متعذرہ، مھجورہ کا حکم و دونوں کی امثلہ؟ نیز التوکیل بنفس الخصومۃ سے حقیقت مھجورہ کا بیان ہوا مسئلہ تحریر؟

(6)۔ حقیقت مستعملہ کے حکم میں مجاز متعارف ہو گا یا نہیں ہو گا، مجاز متعارف نہ ہونے کی صورت میں امام اعظم و صاحبین کے مابین اختلاف کو کتاب میں مذکور دو مثالوں (گندم والی، نہر فرات) سے اس انداز میں بیان کرے کہ کوئی چیز پوشیدہ نہ رہے؟

(7)۔ مجاز حقیقت کا خلیفہ ہونے میں امام اعظم و صاحبین کے اختلاف کو کتاب میں مذکور مثال قال لعبدہ وھو اکبر سنا منہ کے ساتھ بیان کریں؟

(8)۔ عند امام اعظم مجاز حقیقت کا خلیفہ ہے تکلم میں عند الصاحبین حکم میں، اس کی روشنی میں ''لہ علی ألف أو علی ھذا الجدار'' والے مسئلے کی وضاحت کریں؟

(9)۔ ولا یلزم علی ھذا اذا قال لأمراتہ سے امام اعظم کے قول مجاز حقیقت کا خلیفہ ہے تکلم میں پر ایک اعتراض ہوا ہے وہ اعتراض مع جواب لکھیں؟

## استعارہ کا بیان

(1)۔ استعارہ کی تعریف، احکام شرع میں استعارہ دو طریقوں سے رائج ہے اس کو بیان کریں، نیز دونوں طریقوں کی مثالیں بھی لکھیں؟

(2)۔ ولا یقال لو جعل مجاز عن الطلاق سے ایک اعتراض و جواب ہے وہ تحریر کریں؟

(3)۔ سبب بول کر حکم مراد لے سکتے ہیں مگر عکس نہیں اس کی مثال اس عبارت ''وعلی ھذا نقول ینعقد انکاح'' سے بیان ہو رہی ہے اس عبارت کی مکمل وضاحت اس انداز میں کرے کہ یہ معلوم ہو جائے کہ الفاظ ہبہ سے نکاح ہو جائے گا یا نہیں؟

(4)۔ لا یقال ولما کان امکان الحقیقۃ سے صاحبین کے مذہب پر ہونے والے اعتراض و جواب کو بیان کریں؟

**صریح وکنایہ**

(1)۔صریح کی تعریف وحکم مع امثلہ؟نیز ان التیمم یفید الطھارۃ، تیمم مفید طہارت ہے یا نہیں احناف و شوافع کا اختلاف بالتفصیل؟نیز اس اختلاف سے حاصل ہونے والے چھ مسائل کو بھی بغور تحریر کریں؟

(2)۔کنایہ کی تعریف،مثال،اور حکم؟نیز صریح وکنایہ کی چند امثلہ تحریر کریں؟

(3)۔الفاظ کنایہ سے طلاق رجعی ہو گی یا بائن شوافع واحناف کا اختلاف؟نیز لوجود معنی التردد فی الکنایہ عبارت مکمل کی وضاحت؟

**فصل فی المتقابلات**

(1)۔متقابلات کتنی اور کونسی چیزیں ہے؟ظاہر ونص کی تعریف،مثال،حکم اور دونوں میں فرق کیا ہے بیان کریں؟

(2)۔فانکحوا ماطاب لکم۔۔اور لا جناح علیکم ان۔۔ان دونوں امثلہ کی وضاحت کریں نیز ان میں ظاہر اور نص کیا کیا ہے؟

(3)۔ظاہر اور نص کا حکم ؟ان دونوں میں تفاوت کب ظاہر ہو گا اور ترجیح کس کو حاصل ہو گی ؟نیز ظاہر اور نص میں تعارض کی 3 امثلہ تحریر کریں۔(1 قال لھا طلقی نفسک،2 اہل عرینہ والی،3 ماسقتہ السماء)۔۔؟

(4)۔مفسر کی تعریف،فسجد الملائکۃ والی مثال؟نیز قال تزوجت فلانۃ شہرًا والی مفسر کی مثال ثانی کی مکمل وضاحت تحریر کریں؟

(5)۔ولو قال لفلان علیّ من ثمن ھذا العبد اس عبارت سے کیا مراد ہے مکمل وضاحت،نیز یہ کس قسم کی مثال ہے تحریر کریں؟

(6)۔محکم کی تعریف،مثال،نیز مفسر و محکم دونوں کا حکم؟

(7)۔خفی کی تعریف،مثال،حکم؟مشکل کی تعریف،مثال وحکم؟مجمل کی تعریف،مثال؟متشابہ کی تعریف،مثال،مجمل و متشابہ کا حکم؟

**فصل فیما یترک بہ حقائق الالفاظ**

(1)۔ترک حقیقت کی کتنی اور کونسی وجوہات ہے؟دلالت عرف والے قرینے کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی تین امثلہ تحریر؟

(2)۔نفس کلام کی تعریف،مثال؟کل مملوک لی فھو حر والی مثال کی بالتفصیل وضاحت کرتے ہوئے یہ بیان کرئے کہ مکاتب من کل الوجوہ مملوک ہے یا نہیں؟نیز مکاتب میں رقیت کامل ہے یا ناقص؟

(3)۔سیاق کلام کی تعریف،اور اس کی دو مثالیں تحریر کریں؟

(4)۔اذا وقع الذباب فی بعام۔۔الخ والی حدیث میں سیاق کلام کیا ہے جس کی وجہ سے حقیقی معنی کو متروک کیا گیا ہے؟

(5)۔انما الصدقات للفقراء میں احناف و شوافع کے اختلاف کو بالتفصیل بیان کریں؟

(6)۔دلالت متکلم کی تعریف ومثال؟اذا وکل بشراء اللحم۔۔والی عبارت کی وضاحت اس انداز میں کریں کہ من قبل المتکلم کی سمجھ آجائے؟

(7)۔قال تعال تغد معی یہ کس چیز کی مثال ہے اس کی مکمل؟یمین فور کی تعریف لکھیں؟

(8)۔محل کلام کی تعریف ودو امثلہ تحریر کریں؟

## فصل فی متعلقات النصوص

(1)۔عبارۃ النص واشارۃ النص کی تعریفات، حکم ؟اور ''للفقراء والی مثال'' نیز اس مثال سے متفرع ہونے والے 3 مسائل بالتفصیل؟

(2)۔احل لکم لیلۃ الصیام والی مثال اور اس پر متفرع ہونے والے مسائل کو عبارۃ النص و اشارۃ النص کی روشنی میں زیب قرطاس کریں؟

(3)۔مسئلہ التبییت: رات کو روزے کی نیت کرنے کے متعلق نفس مسئلہ ،اختلاف مع دلائل احناف تحریر کریں؟

(4)۔دلالت النص کی تعریف ،مثال، حکم اوّل و حکم ثانی ؟ولا تقل لھما اُف کی مکمل تفصیل؟ فیدار الحکم علی تلک العلۃ کی وضاحت امثلہ سے تحریر کریں؟اسی قاعدے پر جمعہ کے وقت بیع کرنے کا حکم شاشی کی روشنی میں؟

(5)۔جہاں علت پائی جائے وہاں حکم پایا جائے گا اور جہاں علت نہ پائی جائے وہاں حکم بھی نہیں پایا جائے گا،اس قاعدے پر شاشی میں 4 امثلہ ؟

(6)۔اقتضاء النص کی تعریف ؟اور 2 مثالیں ؟ قال ابو یوسف قال اعتق عبدک۔۔الخ والی اقتضاء کی تیسری مثال میں امام یوسف کی دلیل اور طرفین کا جواب بالتفصیل؟

(7)۔ مقتضیٰ کا حکم ،مثال؟ وعلی ھذا یخرج الحکم سے مقتضی بقدر الضرورۃ ثابت ہوتا ہے اس کی شاشی میں بیان کردہ دو مثالیں؟

## فصل فی الامر

(1)۔امر کی لغوی و شرعی تعریف ؟ بعض آئمہ کے قول پر دو اعتراضات پھر ان کے جوابات ،اس کے بعد آئمہ کے قول کا صحیح مطلب جو مصنف نے بیان کیا ہے ان سب کو بالتفصیل تحریر کریں؟

(2)۔حضور علیہ السلام کے اقوال وافعال کی پیروی ہم پر واجب ہے یا نہیں ؟اس کی تفصیل تحریر؟

## فصل اختلف الناس فی الامر المطلق

(1)۔امر مطلق کے موجب میں اختلاف؟ عند الاحناف مؤقف ؟ فاستمعوا، ولا تقربا والی دونوں امثلہ کیسے امر کی ہے وضاحت ؟

(2)۔صاحب حماسہ کا شعر میں محل استشہاد و وجہ استدال کیا ہے تحریر کیجئے ؟ وتحقیقہ اَن لزوم الایتمار۔۔الخ والی مکمل عبارت کی وضاحت؟

## فصل الامر بالفعل لا یقتضی التکرار

(1)۔امر تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا کی تین امثلہ ؟لان الامر بالفعل طلب تحقیق الفعل۔۔؟اس عبارت سے امر تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا اس کی دلیل بیان کی جارہی ہے اس کو بالتفصیل بیان کریں؟

(2)۔ حکم اسم الجنس ان یتناول الادنی عند الاطلاق۔۔الخ والے ضابطے (قاعدے) کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں؟

(3)۔ولا یتاتی علی ھذا الفصل سے احناف کے اصول پر وارد ہونے والے اعتراض و جواب کو بالتفصیل؟ کہ عبادات میں تکرار کیوں ہے؟

(4)۔ثم الامر لما کان یتناول الجنس۔۔الخ سے ہونے والے اعتراض و جواب کو شاشی کی روشنی میں پیپر کی زینت بنائیں؟

فصل المامور بہ نوعان

(1)۔ماموربہ کی اقسام؟مطلق عن الوقت کاحکم؟جمہوراحناف کاموقف(مطلق میں تاخیرتاخیر جائز ہے)پرتین امثلہ ؟(1) قال محمد فی الجامع،(2)ولونذر أن یصوم۔(3)۔فی الزکوۃ والصدقۃ۔(4)۔والحانث اذاذھب مالہ کی وضاحت؟

(2)۔وعلی ھذالایجب قضاء الصلاۃ۔۔الخ والے مسئلے کی وضاحت؟نیزامام کرخی کامذہب بھی تحریرکریں؟

(3)۔مقیدعن الوقت کی دواقسام؟نیزقسم اوّل کے حکم ثالثہ کو بالتفصیل؟نیزولایسقط اصل النیۃ سے ہونے والے اعتراض وجواب کوتحریر؟

(4)۔ماموربہ کیلیئے وقت معیارہولیکن متعین نہ ہو۔اصول کاحکم بالتفصیل؟ثم للعبد أن یوجب سے بندے کی تعین کاحکم تحریرکریں؟

(5)۔ولایلزم علی ھذااماذاصامہ عن نفل۔الخ سے ہونے والے اعتراض جواب؟وعلی اعتبارھذاالمعنی قال مشایخنا۔الخ والے مذکورہ اصول پر متفرع ہونے والامسئلہ تحریرکریں۔۔؟

(6)۔ثم للعبدان یوجب۔۔فیماھوحق الشرع کی مکمل توضیح وتشریح کریں۔؟

(تمت بالخیر)